میرے لیے بڑی آنت کے کینسر کی کون سی جانچ موزوں ہے؟

کولونوسکوپی اور **پاخانے کے ٹیسٹ** بڑی آنت کے کینسر (جسے کولوریکٹل کینسر بھی کہا جاتا ہے) کی جانچ کے عام طریقے ہیں۔ درج ذیل سوالات اور جوابات آپ کو دونوں اختیارات کا موازنہ کرنے اور اپنے لیے بہترین منتخب کرنے میں مدد دیں گے۔ اگر آپ کے مزید سوالات ہوں تو اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے پوچھیں۔

	کولونوسکوپی	پاخانے پر مبنی ٹیسٹ
جانچ کون کرتا ہے؟	نگہداشت صحت کا پیشہ ور ماہر۔	آپ خود۔
جانچ کہاں کی جاتی ہے؟	ڈاکٹر کے دفتر یا نگہداشت صحت کی سہولت گاہ میں۔	گھر پر۔
کیا مجھے جانچ سے پہلے کوئی تیاری کرنے کی ضرورت ہے؟	جی ہاں۔ کولونوسکوپی سے ایک دن پہلے آپ کو مائع غذا استعمال کرنی ہو گی اور اپنی آنت صاف کرنے کے لیے دوا لینی ہو گی۔ آپ کو یہ بھی یقینی بنانا ہو گا کہ بعد میں کوئی آپ کو گھر لے جانے کے لیے موجود ہو۔	عام طور پر کسی خاص تیاری کی ضرورت نہیں ہوتی۔
کیا مجھے جانچ کے دوران کچھ کرنے کی ضرورت ہے؟	جی نہیں۔ کولونوسکوپی کے دوران آپ کو سلانے کے لیے دوا (سیڈیشن) دی جائے گی۔	جی ہاں۔ آپ کو اپنے پاخانے (فضلہ) کا نمونہ لینا ہو گا۔
کیا مجھے جانچ کے بعد کچھ کرنے کی ضرورت ہے؟	جی ہاں۔ بعد میں کسی کو آپ کو گھر لے جانا پڑے گا۔ آپ کو اکیلے جانے کی اجازت نہیں ہو گی۔	جی ہاں۔ آپ کو ٹیسٹ یا تو بذریعہ ڈاک واپس بھیجنا ہو گا یا اپنے فراہم کنندہ کے دفتر یا لیبارٹری میں جمع کرانا ہو گا۔
مجھے کتنی بار جانچ کروانے کی ضرورت ہے؟	اگر آپ کا نتیجہ نارمل ہے اور آپ کو بڑی آنت کے کینسر کا بڑھا ہوا خطرہ لاحق نہیں ہے، تو آپ کو اپنی اگلی کولونوسکوپی 10 سال بعد کروانی چاہیے۔	پاخانے کا ٹیسٹ ہر ایک سے تین سال بعد کرنا ضروری ہے، جس کا انحصار اس بات پر ہے کہ آپ کس قسم کا ٹیسٹ کر رہے ہیں۔

	کولونوسکوپی	پاخانے پر مبنی ٹیسٹ
جانچ میں کس چیز کی جانچ کی جاتی ہے؟	کولونوسکوپی آپ کی آنت کے اندرونی حصے کا براہِ راست معائنہ کرتی ہے۔ فراہم کنندہ پولیپس کا پتہ لگانے اور انہیں نکالنے کے لیے ایک خاص آلہ استعمال کرتا ہے۔ کولونوسکوپی علامات شروع ہونے سے پہلے ہی کینسر کا پتہ لگا سکتی ہے۔	پاخانے کا ٹیسٹ آپ کے پاخانے میں خون کی جانچ کرتا ہے۔ کچھ ٹیسٹ کینسر کی مخصوص علامات کی بھی جانچ کرتے ہیں۔
یہ جانچ کتنی اچھی طرح کام کرتی ہیں؟	کولونوسکوپی بڑی آنت کے کینسر کی تشخیص کرنے اور پولیپس نکال کر اس کینسر سے بچاؤ میں مدد دینے کے لیے بہترین ہے۔	پاخانے کے ٹیسٹ بڑی آنت کے کینسر کی تشخیص کے لیے اچھے ہیں لیکن پولیپس کا پتہ لگانے میں اتنے مؤثر نہیں ہیں۔
مجھے نتائج کتنی دیر میں ملیں گے؟	عام طور پر آپ کو ابتدائی نتائج کولونوسکوپی کے فوراً بعد مل جاتے ہیں۔ اگر آپ میں پولیپس پائے گئے تو حتمی رپورٹ ملنے میں چند دن لگیں گے۔	آپ کو عام طور پر چند دنوں کے اندر نتائج موصول ہو جاتے ہیں۔
کیا جانچ کے بعد صحت یابی کا کوئی دورانیہ ہوتا ہے؟	جی ہاں۔ آپ تھوڑی تھکن محسوس کر سکتے ہیں اور بعد میں چند گھنٹے آرام کرنا چاہیں گے۔	جی نہیں۔
کیا مجھے مابعد معائنے (فالو اپ) کا وقت لینے کی ضرورت ہے؟	عام طور پر نہیں، جب تک کہ آپ کی اگلی کولونوسکوپی کا وقت نہ آ جائے۔ اگر کوئی مسائل پائے گئے، تو آپ کا فراہم کنندہ آپ کے ساتھ مابعد معائنے کے بارے میں بات کرے گا۔	اگر پاخانے کا ٹیسٹ عمومی نہیں ہے، تو آپ کو کولونوسکوپی کی ضرورت ہو گی۔ بصورتِ دیگر، آپ کو صرف یہ یاد رکھنے کی ضرورت ہو گی کہ آپ کی اگلی جانچ کب ہونی ہے۔

ایک **پولیپ (ابھار)** آپ کی آنت میں چھوٹا سا دانہ یا بالیدگی ہوتی ہے۔ زیادہ تر پولیپس کینسر والے نہیں ہوتے، لیکن کچھ کینسر میں تبدیل ہو سکتے ہیں۔

اگر آپ بڑی آنت کے کینسر کی جانچ کے دیگر اختیارات کے بارے میں جاننے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو اپنے فراہم کنندہ سے درج ذیل کے بارے میں پوچھیں:

- خون کا ٹیسٹ
- سی ٹی کولونوگرافی
- فلیکسیبل سگمائیڈوسکوپی

یاد رکھیں، بہترین جانچ وہی ہے جو آپ کروائیں گے۔

مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/health/coloncancer** ملاحظہ کریں۔

NYC Health